الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

اسلام آباد، 28فروری2018

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی زیر صدارت سینٹ انتخابات کے انتظامات کے حوالے سے ایک جائزہ اجلاس منعقدہ ہوا جس میں سینیٹ انتخابات کے لئے تعینات تمام ریٹرننگ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران یہ بات خاص طور پر زیر بحث آئی کہ ووٹ کی رازداری کو یقینی بنانے کیلیے موثر اور ٹھوس اقدامات کی اشد ضرورت ہے اس ضمن میں مختلف تجاویز اور آراء کی روشنی میں متعدد فیصلے عمل میں لائے گئے جن کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے۔

ا۔ تمام ریٹرننگ افسران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کسی بھی صورت کوئی بھی ووٹر اپنے ووٹ کی رازداری کو ظاہر کرے نہ ہی جاری کردہ بیلٹ پیپر کو پولنگ سٹیشن سے باہر لے جائے کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں اول ریٹرننگ آفیسر متعلقہ شخص کا بیلٹ پیپر منسوخ کردے گا مزید براں الیکشن کمیشن کی جانب سے تمام ریٹرننگ افسران کو بااختیار مجسٹریٹ کے اختیارات سونپنے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ وہ

(الف) پولنگ اسٹیشن پر قبضہ کرنے کی صورت

(ب) جان بوجھ کر بیلٹ پیپر کو خراب کرنے یا پولنگ اسٹیشن سے باہر لے جانے یا کسی غیر متعلقہ شخص کو بیلٹ پیپر حوالے کرنے کوئی جعلی بیلٹ پیپر استعمال کرنے۔

(ج) بیلٹ پیپر کی رازداری کو افشاں کرنے یا امیدوار یا امیدواروں کو ووٹ کی ترجیح کے حوالے سے معلومات فراہم کرنے یا کسی بھی ایسے اقدام جس سے الیکشن کی شفافیت پہ حرف آتا ہو۔

سمری ٹرائل کرتے ہوئے متعلقہ ووٹر امیدوار یا ایجنٹ کو الیکشن ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 174، 184، 185 کے تحت موقع پر سزا دے سکیں۔

۲۔ تمام ریٹرننگ افسران اس بات کو بھی یقینی بنائیں گے کہ الیکشن پرامن اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہو تاہم کسی قسم کی بے قاعدگی، بدنظمی کی صورت میں ریٹرننگ افسر کو یہ اختیار ہو گا کہ ایسے عوامل کو الیکشن کمیشن آف پاکستان کے نوٹس میں لاتے ہوئے انتخابی عمل کو معطل کردیں۔

۳۔ الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران کی تجاویز پر یہ فیصلہ بھی کیا کہ سینیٹ کے انتخابات کے حوالے سے پولنگ اسٹیشن کے باہر رینجرز یا ایف سی کے دستے تعینات کئے جائیں گے۔

۴۔ ریٹرننگ افسران اس بات کو بھی یقینی بنائیں گے کہ تمام ووٹرز ایک ہی راستے سے پولنگ سٹیشن میں داخل ہوں اور اس ضمن میں کوئی تخصیص یا عدم مساوات شامل نہ ہو۔

۵۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ ووٹ کی رازداری کو یقینی بنانے کیلیے الیکشن کمیشن کی ہدایات جن میں سرفہرست موبائل فون کا پولنگ اسٹیشن پر لے جانے کے حوالے سے پابندی شامل ہے سختی سے عملدرآمد کروایا جائے۔